جلد (۴۱)　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر (۴۲)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR, STATE, GAZETTE.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ جمادی الاول ۱۳۴۸ھ مطابق ۲۱ اکتوبر ۱۹۲۹ء

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت ستر یوم منشی محمد زمان خان صاحب جج خفیفہ بوجہ علالت۔

حکم

ستر یوم کی رخصت ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء سے منظور ہی۔ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

از اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب ضابطہ احکام جاری ہون۔ روز روانگی سے رخصت شمار ہوگی۔ اور ایام رخصت مین مفتی صاحب دیوانی معمولی کام کرینگے۔ ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

انتظام عہدہ رجسٹرار صدر

۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

حسب صراحت رپورٹ منظوری دیجاتی ہی۔ کاغذ برائے اجرا احکام واپس ہو۔

حسب الحکم

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

میر سامان

بعز عرض

جناب عالی

اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم نے سعید الدین خان رجسٹرار صدر کا تقرر تحصیلداری نائبہ پر منظور فرمایا ہی۔ لہذا رجسٹرار صدر کے عہدہ کا انتظام بانسبت ترقی تنخواہ حسب ذیل مناسب ہی۔

۱۔ عزیز اللہ خان محافظ دفتر دیوانی تنخواہ دار چالیس روپیہ ماہوار باضافہ دس روپیہ ماہوار۔ عزیز اللہ خان کو پانچ روپیہ ماہوار الاونس جو رجسٹری سے عطا ہوا آئندہ انکو ملیگا۔

۲۔ شکیل احمد نائب محافظ دفتر دیوانی تنخواہ ... ماہوار باضافہ دس روپیہ ماہوار محافظ دفتر دیوانی۔ اور رجسٹری کے محافظ خانہ کی نگرانی کا ...... پانچ روپیہ ماہوار الاونس شکیل احمد کو ملیگا۔

عرضداشت بامید صدور حکم منظوری انتظام مذکور ارسال اجلاس ہمایون ہو۔ یہ انتظام عارضی تا رخصت منشی وسیم الدین رجسٹرار صدر ہوگا۔ دولت اقبال جاوید باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۴ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب فائنانشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت ستر یوم سید مسعود احمد اڈیٹر آوٹ بعوض سید مولوی محمد۔

حکم

سید مسعود احمد اڈیٹر کی رخصت ستر یوم بعوض سید مولوی محمد منظور ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر۔

رخصت

۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

مثل مولوی محمد محمود علیخان اہلمد اجلاس مستدعی رخصت دس یوم از ۱۳ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء بوجہ بقائے علالت۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ صدر سے ایک شخص انجام دہی کا سررشتہ ... اور ایسی رخصتیں طلب کر لیا جاتے۔ ناظر اجلاس بھی مطلع ہوں۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

منشی عزیز اللہ خان محافظ دفتر دیوانی کا تقرر بعہدہ رجسٹرار صدر اور شکیل احمد نائب محافظ دفتر دیوانی کا تقرر بعہدہ محافظ دفتر دیوانی اجلاس ہمایون سے منظور ہوا ہی۔ نائب محافظ دفتر دیوانی کی جگہ خالی ہی۔ اس سلسلہ میں حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہی۔

۱۔ محمد یٰسین خان اہلمد اجراء عدالت دیوانی تنخواہ بیس روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ ماہوار نائب محافظ دفتر دیوانی۔

۲۔ لطیف احمد اہلمد نمبری دیوانی تنخواہ دار سترہ روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ ماہوار اہلمد اجراء عدالت دیوانی۔

۳۔ برکت حسین محرر رجسٹری صدر تنخواہ دار چودہ روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ ماہوار اہلمد نمبری عدالت دیوانی۔

۴۔ نصیر احمد ورق گردان محافظ خانہ رجسٹری تنخواہ دار ... ماہوار باضافہ ... ماہوار محرر رجسٹری صدر پر تبدیل کئے جاتے ہیں۔ محمد یٰسین خان علاوہ خدمات نائب محافظ دفتری کے کچھ روز مین پیشی خدمات کا کام بھی انجام دینگے۔

۵۔ بجائے نصیر احمد ورق گردان کے محافظ خانہ رجسٹری میں کسی کچی زبان کا تقرر ... ماہوار پر کیا جائے۔ یہ کل انتظام غیر مستقل ہوگا۔

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر واقع ۱۶ اکتوبر سنہ ۱۹۲۹ء

منشی محمد سعید الدین خان کا جدید تقرر بعہدہ تحصیلداری نائبہ ہوا ہی۔ لہذا انکو اختیارات اسسٹنٹ کلکٹری درجہ اول دوم دیئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

بمنشاء حکم مذکور احکام ضابطہ جاری ہوں اور عرضداشت اطلاعی باجلاس ہمایون مرسل ہو اور درج گزٹ بھی ہو۔

دستخط صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اختیارات

۱۰ اکتوبر ۱۹۲۹ء

منشی سعید الدین خان تحصیلدار نائب کو صیغہ فوجداری میں مجسٹریٹ درجہ دوم اور صیغہ دیوانی میں سینیر منصفی کے اختیارات دیے جاتے ہیں۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔
عرضداشت اطلاعی بندگان عالی میں بھیجی جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

منظوری استعفا

۱۲ اکتوبر ۱۹۲۹ء

حشمت علیخان معاون کلرک و لائبریرین ہائی اسکول کا استعفا ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء سے منظور ہے۔
لہذا حکم ہے کہ
نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

واقع ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۹ء

حکم ہوا کہ
بنظر مناسب
محمد تقی مرزا سب اوورسیر تحصیل سوار تحصیل ملک کو تبدیل کیا جائے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر انہار و تعمیرات

رخصت

۱۵ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثل درخواست صاحبزادہ سید عبد الغنی خان بہادر علاقہ دار صیغہ ایگزیکیٹو انجینیر صاحب در بارہ منظوری رخصت رعایتی دو ماہ بوجہ علالت

حکم

حسب سفارش ایگزیکیٹو انجینیر صاحب انہار ایکماہ کی رخصت رعایتی منظور ہو۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہو کر اصل صیغہ نہر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر انہار و تعمیر

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثل عرضداشت بخش صاحب فوج در بارہ منظوری رخصت یکماہ واحد حسین خان اہلمد بخشیگری من ابتدا ۵ اکتوبر سنہ حال بوجہ علالت بعوض فرزند علی اپرنٹس۔

حکم

۵ اکتوبر سے واحد حسین خان اہلمد کی بوجہ علالت بعوض فرزند علی اپرنٹس ایک ماہ کی رخصت منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرای احکام صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

رخصت

۱۷ اکتوبر ۱۹۲۹ء

مثل عرضی حامد علیخان اہلمد پیشی ہیلتھ افیسر صاحب در بارہ منظوری رخصت یکماہ من ابتدا ۲۲ اکتوبر سنہ حال بغرض علاج اہلیہ بذمہ داری احمد جان اہلمد۔

حکم

حسب سفارش ہیلتھ افیسر صاحب رخصت یکماہ رعایتی حامد خان اہلمد پیشی کی بذمہ داری احمد جان اہلمد صیغہ ہیلتھ ڈپارٹمنٹ منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات بغرض اجرای احکام سر رشتہ صدر کو مرسل ہو۔ ایک نقل بخدمت ہیلتھ افیسر صاحب مرسل ہو کر لکھا جائے کہ حامد خان اہلمد پیشی احمد جان خان کو چارج باقاعدہ سمجھا دے تاکہ آئندہ کسی قسم کی الجھن واقع نہ ہو۔ رخصت ۲۲ اکتوبر ۱۹۲۹ء سے شمار ہوگی۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدا ۵؍ لغایت ۱۱؍ اکتوبر ۱۹۲۹ء

تاریخ	صدر عالیہ روزانہ	صدر عالیہ از ابتدا	تحصیل بلاسپور روزانہ	تحصیل بلاسپور از ابتدا	تحصیل سوار روزانہ	تحصیل سوار از ابتدا	تحصیل شاہ آباد روزانہ	تحصیل شاہ آباد از ابتدا	تحصیل ملک روزانہ	تحصیل ملک از ابتدا	تحصیل ٹانڈہ روزانہ	تحصیل ٹانڈہ از ابتدا
۵؍ اکتوبر ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	۰	۳۱۳½	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱
۶؍ اکتوبر ،، ،، یکشنبہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱
۷؍ اکتوبر ،، ،، دوشنبہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	،،	۰	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱
۸؍ اکتوبر ،، ،، سہ شنبہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	،،	۰	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱
۹؍ اکتوبر ،، ،، چہارشنبہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	،،	۰	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱
۱۰؍ اکتوبر ،، ،، پنجشنبہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	،،	۰	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱
۱۱؍ اکتوبر ،، ،، جمعہ	۰	۳۰۹	۰	۳۱۹	۰	۳۲۳½	،،	۰	۰	۱۸۶	۰	۳۲۱

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری ستمبر ۱۹۲۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	مرد ہندو	عورت مسلمان	عورت ہندو	میزان	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	ایک سال سے ۵ سال تک عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	طاعون	بخار	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۶	۱۴	۱۹	۱۱	۸۰	۵۵	۲۵	۲۷	۲۲	۲	۲	۲۶	۳۴	۵۵	۵۸	۸۵	۲۸	۳۰	۲	۰	۸۱	۰	۰	۰	۱۱۳	
گنج	۴۰	۲	۱۸	۱	۶۱	۵۸	۳	۳۱	۲۷	۶	۱۰	۲۱	۳۳	۵۸	۷۰	۱۱۸	۱۱	۳۸	۱۳	۷۶	۱	۰	۰		۱۲۸	
حوالی شہر	۳۳	۲۳	۲۹	۱۶	۱۰۱	۶۲	۳۹	۲۶	۱۳	۳	۲	۱۸	۱۱	۴۷	۲۴	۴۹	۲۲	۰	۰	۶۹	۱	۱	۰	۰	۷۱	
عظیم نگر	۸	۵	۴	۵	۲۲	۱۲	۱۰	۱۵	۱۸	۱۰	۳	۳۵	۲۳	۶۰	۴۴	۷۶	۲۸	۷۶	۰	۰	۲۸	۰	۰	۰	۱۰۴	
شاہ آباد	۱۳	۵۳	۱۴	۳۱	۱۱۲	۲۸	۸۳	۲۴	۱۸	۱۷	۴	۵	۱۰	۴۶	۳۲	۲۱	۵۷	۲	۰	۰	۷۲	۰	۴	۰	۷۸	
سیفنی	۶	۷	۳	۱۵	۳۱	۹	۲۲	۵	۲	۴	۱	۸	۴	۱۷	۷	۵	۱۹	۰	۴	۱۹	۰	۱	۰	۰	۲۴	
ملک	۱۰	۵۴	۱۰	۴۵	۱۱۹	۲۰	۹۹	۲۲	۲۳	۲	۱	۲۳	۱۱	۴۷	۳۵	۱۶	۶۶	۰	۰	۰	۸۱	۱	۰	۰	۸۲	
بلاسپور	۱۰	۶	۳	۱۴	۳۳	۱۳	۲۰	۹	۱۰	۵	۳	۳۱	۱۸	۴۵	۳۱	۳۴	۴۲	۱۷	۰	۵۷	۰	۲	۰	۰	۷۶	
کیمری	۶	۱۰	۵	۶	۴۷	۱۱	۱۲	۶	۳	۵	۳	۱۳	۱۵	۲۴	۲۱	۲۶	۱۹	۱۳	۱	۳۰	۰	۱	۰	۰	۴۵	
سوار	۱۴	۲	۷	۲	۲۸	۲۴	۴	۸	۳	۳	۰	۲۷	۱۴	۳۸	۱۷	۳۹	۱۶	۷	۰	۰	۴۵	۳	۰	۰	۵۵	
ٹانڈہ	۳۰	۳۳	۲۹	۱۴	۱۰۹	۵۹	۵۰	۱۶	۱۳	۲	۳	۲۲	۱۵	۴۰	۳۱	۵۰	۲۱	۱۳	۰	۰	۵۶	۰	۲	۰	۷۱	
میزان	۲۰۶	۲۰۹	۱۴۱	[illegible]	۷۴۳	۳۵۱	۳۶۷	۱۸۹	۱۵۲	۵۹	۳۰	۲۲۹	۱۵۱	[illegible]	۳۷۰	۵۱۸	۳۲۹	۱۹۶	۲۰	۲۵۱	۳۶۵	۹	۶	×	۸۴۷	